© rasailojaraid.com

مدیر کے قلم سے



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: مثالی بچپن    مرتب: مولانا محمد اسحاق ملتانی    ضخامت: ۲۳۲ صفحات
قیمت: درج نہیں    ناشر: ادارہ تالیفات اشرفیہ بیرون بوہڑگیٹ ملتان

اسلام میں بچے کی تربیت اور اصلاح پر بہت زور دیا گیا ہے' کیونکہ بچپن کی عادتیں اور لڑکپن کی خصلتیں انسانی زندگی کے ساتھ آخر تک وابستہ رہتی ہیں' اگر بچپن میں عادات واطوار بگڑ جائیں' تو پھر جوانی میں اس کے ازالے پر کافی وقت لگے گا' اور انتہائی دشواریاں پیش آئیں گی' جو کہ روزمرہ کا مشاہدہ اور تجربہ ہے۔

زیر تبصرہ کتاب بچوں کے مثالی مستقبل اور کردار سازی کے لئے انتہائی محنت اور عرق ریزی سے مرتب کی گئی ہے' اس میں حضور ﷺ' صحابہ کرامؓ' اولیائے عظام اور علماء وسلاطین کے بچپن کے واقعات اسی طرح انبیائے کرام کی سچی کہانیاں اور سبق آموز ودلچسپ معلومات یکجا ہیں۔ کتاب پانچ ابواب اور ایک معلومات افزاء مقدمہ پر مشتمل ہے' پہلا باب حضورؐ کے بچپن کے واقعات' دوسرا صحابہ کرام کے بچپن کے واقعات' تیسرا باب تابعین اولیاء' علماء اور بادشاہوں وغیرہ کے' چوتھا باب بچپن میں قرآنِ پاک حفظ کرنے والوں اور پانچواں باب انبیاء کرام کی سچی کہانیوں پر مشتمل ہے۔ انتہائی دلچسپ معلومات آفریں اور ایک نشست میں پوری کتاب مطالعہ کے لائق۔ نہ صرف بچوں بلکہ نوجوانوں اور ہر طبقہ کے لئے بہت ہی مفید ہے' بہترین کاغذ اور مضبوط جلد سے مزین یہ انمول تحفہ ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان اور اس کے علاوہ ملک کے تمام بڑے شہروں میں دستیاب ہے۔

---

کلام آسی:    مصنف آسی آسیا آبادی    صفحات: ۱۵۲ء    قیمت: ۱۲۰ روپے
ناشر: جامعہ رشیدیہ آسیا آباد تربت مکران' بلوچستان

شعر انسانی جذبات واحساسات کا ترجمان اور قلبی واردات کے اظہار کا بہترین ذریعہ ہے' اور بسا اوقات پورا مقالہ یا گھنٹوں پر مشتمل تقریر اس قدر اثر انگیزی نہیں دکھاتی۔ جس طرح کہ ایک شعر یا ایک نظم اور ایک غزل اور جب شعر کے ساتھ عالمانہ رنگ شامل ہو جاتے۔ تو اس کا نشہ دوبالا ہو جاتا ہے' زیر تبصرہ کتاب جناب آسی صاحب کا مجموعہ کلام ہے' جس میں شاعری کے مختلف اصناف پر طبع آزمائی کی گئی ہے۔ اور بہت ہی دلپذیر انداز میں شاعر نے اپنے احساسات و واردات کا اظہار کیا ہے۔

© rasailojaraid.com